© rasailojaraid.com



## سفری یادداشتیں

# سلطنتِ عمان (مسقط)

مکہ مکرمہ سے واپس آنے کے بعد روزگار کی تلاش تھی کہ اللہ رب العزت نے عربی زبان کو ہمارے لئے وسیلہ بنادیا اور ہم سلطنت عمان کے قونصل خانہ میں ملازم (مترجم) ہوگئے، کراچی میں سلطنت عمان کے قنصل خانہ میں بطور مترجم کام کرتے ہوئے چند ماہ ہی گزرے تھے کہ اخبار میں ایک اشتہار شائع ہوا کہ مسقط میں ایک عربی انگریزی جاننے والے سیکرٹری کی ضرورت ہے۔اس اشتہار کے بارے میں خود قنصل خانے کے ایک افسر ہی نے مجھے اطلاع دی کہ وہاں کے ایک بڑے وزیر کرنل سعید سالم کی کمپنی میں ایک پوسٹ آئی ہے، اور مجھے اپلاء کرنے اور مسقط جانے کا مشورہ دیا۔میں نے قنصل جنرل کے سیکنڈ سیکرٹری جناب ............ سے مشورہ کیا اور انہوں نے کہا اچھی کمپنی ہے ضرور جائیں۔میں نے کہا سنا ہے وہاں گرمی بہت پڑتی ہے، انہوں نے کہا کہ جب گھر میں اے سی، دفتر میں اے سی اور کار میں اے سی ہو تو گرمی کیا کہتی ہے۔اچھا موقع ہے جائیں اور ہمارا ملک مسقط دیکھیں اگر وہاں رہنا پسند نہ ہو تو تین ماہ کے اندر اندر واپس آجائیں یہاں آپ کی جگہ ہم تین ماہ تک کسی کو نہیں رکھیں گے۔چنانچہ محمدی ہاؤس میں انٹرویو ہوا جو جناب محمد شریف صاحب (پاکستانی) نے لیا جو اس کمپنی (ڈی ایس اے) کے ایک ذمہ دار آفیسر ہیں۔

۱۱ جولائی ۱۹۸۴ کو مسقط کے سفر کا موقع ملا...... صبح فجر کی نماز گل زار مسجد برنس گارڈن میں ادا کرکے ائیر پورٹ کے لئے روانہ ہوا۔۸ بج کر ۳۵ منٹ پر مسقط کے لئے گلف ائر کی پرواز روانہ ہوئی۔اور مسقط کے وقت کے مطابق ۸ بج کر پچپن منٹ پر طیارہ مسقط کے سیب ائیر پورٹ پر اترا۔(اس وقت پاکستانی وقت کے مطابق نو بج کر ۵۵ منٹ ہو رہے تھے......

ائر پورٹ سے باہر آیا تو مذکورہ کمپنی کا کوئی آدمی لینے نہیں آیا تھا۔ایک انجان پاکستانی سے ۱۰۰ پیسے کی خیرات مانگی اور کمپنی کے نمبر پر ٹیلی فون بوتھ سے فون کر کے اطلاع دی پچاس پیسے بچ

☆طہر قلبك من الحسد ونقه من الحقد واخرج منه البغضاء وازل منه الشحناء.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گئے جو اس شخص کو واپس کر دئے ۔ ہدایات کے مطابق ٹیکسی لی اور ساڑھے دس بجے مدینہ قابوس (سلطنت عمان) میں ڈریک اینڈ سکل السرین کمپنی (DSA) کے آفس پہنچا۔ یہ کمپنی عمان کے ایک وزیر مقدم سعید سالم صاحب کی ہے اور انگریزوں کی اس میں شراکت ہے ۔ انگریز (برطانوی) ہی اسے چلاتے ہیں اس کا کام مسقط میں بڑے بڑے پراجیکٹس پر الیکٹریکل ، ائر کنڈیشنڈ اور مکینیکل سروسز فراہم کرنا ہے ۔

۱۴ جولائی ۱۹۸۴ بروز جمعۃ المبارک ، مدینہ قابوس (مسقط) کی جامع مسجد عبدالامیر سلطان میں عشاء کی نماز ادا کی یہ یہاں کی کسی بڑی مسجد میں ہماری پہلی نماز تھی۔ امام صاحب نے ہمارے معمول کے خلاف نماز کا آغاز کیا، اور وہ یوں کہ امام صاحب نے خود مصلی پر کھڑے ہوکر اقامت کہی اور پھر کانوں تک ہاتھ اٹھائے بغیر تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے نیت باندھ لی مگر ہاتھ نہیں باندھے۔ مقتدیوں نے بھی اپنے امام کی اقتداء میں نماز میں ہاتھ چھوڑے ہی رکھے باقی نماز ہمارے نظام کے مطابق ہوئی بس آخر میں سلام صرف ایک طرف پھیرا گیا...... پھر تھوڑی دیر تک لوگ صفوں میں بیٹھے رہے اور دعاء کئے بغیر امام نے ایک کلمہ کہا جو غالباً یہ تھا ...... تمت الصلوۃ...... اور نمازیوں نے بھی یہی لفظ ایک بار بآواز بلند کہا اور پھر لوگ صفوں سے اٹھ کر چل دیئے ...... یہ اباضی طریق پر نماز تھی ......عمان میں اباضی مذہب کے لوگ زیادہ ہیں ...... ان میں بعض شیعہ زیدیہ کے قریب تر ہیں ۔ہم نے حسب معمول فرضوں کے بعد سنت اور نوافل شروع کئے ابھی دو رکعت ہی پڑھی ہوں گی کہ مؤذن نے مسجد کی بتیاں بند اور دروازے بھیڑنا شروع کر دئے۔ دائیں بائیں غور سے دیکھا تو سب نمازی جا چکے تھے اور صرف مابدولت ہی باقی تھے اور مؤذن ہمارے جانے کا منتظر تھا اس کے تیور دیکھ کر ہم نے بقیہ نماز گھر جا کر پڑھنے کا تہیہ کیا اور مسجد سے نکل آئے اس نے بھی کلمہ شکر کہا ہوگا۔ بہر کیف یہ ہماری سلطنت عمان (مسقط) کی کسی مسجد میں پہلی باجماعت نماز تھی...... جسے گھر پہنچ کر شبہ کی بناء پر ہم نے لوٹا لیا...... (آخر طالب علم جو ٹھہرے) ۲۰ جولائی کو ہم نے مسقط کا ایک شہر روی دیکھا جو مسقط سے تقریبا ملا ہی ہوا ہے مگر کچھ الگ بھی ہے ...... یہی ان دنوں یہاں کا تجارتی شہر ہے اسی میں سب بازار ہیں اور اشیائے صرف کا مرکز خریداری ہے ۔

۲۳ جولائی عمان کا قومی دن ہے مگر یہاں اب ۲۳ جولائی کی بجائے ۱۸ نومبر سلطنت عمان کا (نیشنل ڈے) قومی دن قرار پا چکا ہے۔ دراصل یہ دن قومی دن کے طور پر اس لئے منایا جاتا ہے کہ اس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



روز عمان کے عظیم ہیرو اور نجات دہندہ سلطان قابوس بن سعید المعظم پیدا ہوئے۔عمان میں قومی دن کی تمام سرکاری وغیر سرکاری تقریبات ۱۸۔۱۹ اور بیس نومبر کو منعقد ہوتی ہیں۔امسال بھی عمان کا قومی دن پورے ملک میں جوش وخروش سے منائے جانے کی تیاریاں عروج پر ہیں۔

**مختصر تاریخ عمان:**

سلطنت عمان اسلامی برادری کی ایک قدیم سلطنت ہے جو ہزاروں برس سے مسلمان حکمرانوں کی نگہبانی میں وقت کی رفتار کا ساتھ دے رہی ہے۔بیاسی ہزار مربع میل کے رقبہ پر پھیلی ہوئی،۱۷۰۰ استرہ سو کلومیٹر لمبے سمندر کے دھانے پر آباد یہ سلطنت قدیم تاریخی ماضی رکھتی ہے۔

عمان کی وزارت ثقافت وقومی ورثہ کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق عمان کی تاریخ سن عیسوی سے بھی قدیم ہے۔ان ماہرین کا خیال ہے کہ عمان میں انسانی زندگی کی ابتداء ولادت مسیح سے کوئی تیس ۳۰ ہزار سال قبل ہوئی ہوگی۔عمان کے بعض علاقوں میں موجودہ کھنڈرات سے ملنے والے آثار بتاتے ہیں کہ عمان میں زندگی کے آثار پتھر کے دور سے بھی ملتے ہیں۔

عمان کے علاقہ صحار کے قریب ’’الاصیل،، نامی جگہ سے دریافت ہونے والی بعض تاریخی اشیاء پر کندہ عبارتیں بتاتی ہیں کہ سوماریوں کی کتب میں ماجان نامی جس ملک کا نام ملتا ہے وہ یہی خطہ ہے جسے اب عمان کہا جاتا ہے۔اس طرح عمان کا ایک قدیم نام مجان یا ماجان بھی ہے۔جبکہ حضور سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث سے عمان کا قدیم نام ’’غبیراء،، یا ’’الغبیراء،، بھی ثابت ہوتا ہے۔(Ghobaira)

عمان کے محکمہ آثار قدیمہ کا خیال ہے کہ ابھی یہ کہنا محال ہے کہ عمان کی اصل تاریخ کہاں سے شروع ہوتی ہے اور اس کا قدیم نام کیا ہے۔وزارت اعلام کے ایک نشریئے کے مطابق عمان سے سب سے پہلا تجارتی بحری جہاز زمانہ قبل مسیح میں روانہ ہوا تھا اور اس وقت عمان کو ماجان کہا جاتا تھا۔

چوتھی صدی قبل مسیح میں عمان پر فارس کے بانی شہنشاہ سیرس اعظم نے قبضہ کر کے عمان کی بندرگاہ مسقط کو اپنے تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کیا اور ظہور اسلام تک عمان فارس میں شامل تھا،،لیکن جونہی آفتاب نبوت مکہ مکرمہ میں طلوع ہوا اور شمع رسالت کے پروانے پیغام نبوت سے آشنا ہوئے تو یہ خطہ بھی غلامانِ رسولِ عربی ﷺ کی منزل بنا۔حضرت عمرو بن عاصؓ نے سرزمین ماجان پر قدم رکھا اور اہل عمان پر ایمان واسلام پیش کیا۔چنانچہ تاریخ گواہ ہے کہ اہل عمان نے اسلام کو بلاتردد و بلا حیل وحجت

☆الکتاب احسن الاصحاب فسامر الکتب وصاحب العلم ورافق المعرفۃ.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قبول کیا۔عمان میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے شخصوں میں جن معروف اصحاب کا نام تاریخ کے صفحات میں ملتا ہے ان میں جلندی بن مستکبر کے دو بیٹے عبداور جیفر سرفہرست ہیں۔(عبداور جیفر)

رسالت مآب ﷺ کی ایک حدیث سے عمان کے بارے میں کچھ یوں معلومات ملتی ہیں۔اس حدیث کے راوی حسن بن عادیہؒ ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ میں ابن عمر سے ملاتوانہوں نے مجھ سے پوچھا کہ تم کہاں سے آئے ہو میں نے کہا عمان سے آیا ہوں۔حسن بن عادیہ کہتے ہیں حضرت ابن عمر نے یہ سن کرفرمایا کیا میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اور وہ یہ کہ ''حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''میں ایک ایسی سرزمین کے بارے میں جانتاہوں جو عربوں کی سرزمین ہے اور سمندر کے کنارے پرواقع ہے جہاں سے ایک حج کا ثواب کسی دوسری جگہ سے دوحج کرنے سے بہتر ہے۔

یاصرف اتنافرمایا کہ''جہاں سے حج کرنا افضل ہے،،ایک عرب شاعر نے اسی حدیث کے پیش نظریہ شعرکہا۔

حلفت بحج من عمان تحللوا

ببيئرين بالبطحاء ملقى رحالها.

عمان کی تاریخ کی ابتداء کچھ بھی ہو۔یہ بات طے شدہ ہے کہ عمان قدیم ہے اور ہردور میں اپنے مخصوص جغرافیائی محل وقوع کی وجہ سے معروف رہاہے۔

۱۵۰۷ء میں عمان پرپرتگیزیوں کاقبضہ ہوااور ۱۶۴۹ء میں عمان پرتگیزیوں کے پنجہ استبداد سے آزاد ہوا۔۱۷۹۹ء میں آل بوسعید کادوراقتدارشروع ہوااور آج بھی اسی خاندان کے چشم وچراغ سلطان قابوس بن سعید بن تیموراس سلطنت کے فرمانروا ہیں۔

سلطان قابوس بن سعید نے ۲۳ جولائی ۱۹۷۰کوزمام اقتدار سنبھالی اورسولہ سال کے سنہری عرصہ میں اہل عمان کوظلمت جہالت سے نکال کرنور علم سے مزین کردیا ہے۔

**حدوداربعہ:**

موجودہ عمان کی حدوداربعہ اس طرح ہیں۔

☆الكون بنيى على النظام فعليك بالترتيب فى ملبسك وبيتك ومكتبك وواجبك.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شمال میں خلیج عرب، جنوب مغرب میں جنوبی یمن، مغرب میں مملکت سعودی عربیہ اور متحدہ عرب امارات اور مشرق میں بحرِ عرب کا طویل ساحل ہے۔ ہرمزعمان اور ایران کے درمیان حد فاصل ہے۔

**رقبہ وآبادی:**

رقبہ کے لحاظ سے عمان اس خطے کی دوسری بڑی سلطنت ہے اور اللہ نے اسے کوئی تین لاکھ کلومیٹر مربع سرزمین دی ہے جو کہیں پہاڑی، کہیں ریگستانی، کہیں چٹیل تو کہیں سرسبز وشاداب ہے۔ عمان کی آبادی ۱۹۸۰ کی مردم شماری کے مطابق ڈیڑھ ملین نفوس پر مشتمل تھی جبکہ موجودہ آبادی (۱۹۸۴ میں) دو ملین افراد کے قریب ہے۔ یہاں کی ۶۰ فیصد آبادی زراعت پیشہ ہے اور کافی حد تک عمان اپنی زرعی ضروریات خود پوری کرنے لگا ہے۔

**عمان کی تقسیم بلحاظ انتظامی امور:**

انتظامی امور خوش اسلوبی سے چلانے کے لئے عمان نو بڑے زون پر منقسم ہے اور اس میں ۴۱ صوبے یا ولایات ہیں۔ عمان کے نو بڑے زون حسب ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| ا۔ کیپٹل ایریا۔ یا کیپٹل زون | Capital Region |
| ۲۔ منطقہ سھل الباطنہ۔ | Sahal al.Batina Region |
| ۳۔ جبال الحجر الغربی۔ | Al.Hajar Al.Gharbi |
| ۴۔ الداخل۔ الجوف۔ | |
| ۵۔ منطقہ الظاھرۃ۔ | Al .zahira Region |
| ۶۔ المنطقہ الشرقیہ (منطقہ شرقیہ) | Eastern Region |
| ۷۔ برالحکمان | Bir.Al.Hikman |
| ۸۔ منطقۃ جنوبیۃ۔ ظفار | Dhofar(southern Region) |
| ۹۔ منطقۃ مسندم۔ | Musandam Region |

عوام سے قریبی رابطہ اور ان کی ضروریات زندگی کی نگرانی کی خاطر عمان کو ۴۱ چھوٹے صوبوں یا ولایات میں تقسیم کیا گیا ہے ہر صوبے کا حاکم والی (یا گورنر) کہلاتا ہے جو اپنے صوبے کے باشندوں کے جان ومال کا محافظ سمجھا جاتا ہے اور علاقائی جھگڑوں کے تصفیے اس کی عدالت میں ہوتے ہیں۔ والی اپنے

☆اخرج الی الفضاء وطالع السماء [illegible] فی خلق الباری وابداع الخالق.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علاقے میں قاضیوں کا بھی تقرر کرواتا ہے جو عدلیہ کے امور انجام دیتے ہیں۔ اعلیٰ سطح پر سرکاری مشینری سلطان معظم کی سربراہی میں کام کرتی ہے اور ملک میں مجلس شوریٰ کا نظام رائج ہے۔ سلطان معظم دو ایوانوں کے اجلاس وقتاً فوقتاً طلب کرتے رہتے ہیں جن میں سے ایک ایوان مجلس شوریٰ اور دوسرا ایوان مجلس وزراء یا Cabinet ہے۔

عمان کا کوئی تحریری دستور نہیں، اور مجلس شوریٰ و مجلس وزراء کے ارکان سلطان کے نامزد کردہ ہیں۔ عمان میں مجلس شوریٰ کا قیام ۱۹۸۱ میں عمل میں آیا اور موجودہ مجلس شوریٰ کے ممبران کی تعداد ۵۵ ہے جن میں سے ۱۹ ممبران سرکاری مشینری میں سے اور ۳۶ ممبر ملک کے مختلف علاقوں کی سرکردہ شخصیات پر مشتمل ہیں۔ (واضح رہے کہ یہ معلومات ۱۹۸۴ کی ہیں)

عمان کی مجلس شوریٰ کا رکن وہی شخص بن سکتا ہے جو عمانی ہو اور تیس سال سے کم عمر کا نہ ہو۔ مجلس شوریٰ کی رکنیت دو سال کے لئے ہوتی ہے جس میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

تمام وزراء سلطان کے نامزد کردہ ہیں اور حسب ذیل وزارتوں میں سرگرم عمل ہیں۔

۱۔ وزارت شؤن دیوان سلطانی

۲۔ وزارت ثقافت وقومی ورثہ

۳۔ وزارت زراعت و ماہی گیری

۴۔ وزارت بجلی و پانی

۵۔ وزارت عدل واوقاف واسلامی امور

۶۔ وزارت صحت

۷۔ وزارت پٹرول وقدرتی وسائل

۸۔ وزارت اسکان Housing

۹۔ وزارت مواصلات

۱۰۔ وزارت تعلیم وامور نوجوانان

۱۱۔ وزارت داخلہ

۱۲۔ وزارت خارجہ

۱۳۔ وزارت اطلاعات

۱۴۔ وزارت بیئیہ (Environment)

☆ علیك بالمشیی والریاضة، واجتنب الكسل والخمول، واهجر الفراغ والبطالة. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۵۔وزارت تجارت وصنعت

۱۶۔وزارت محنت وسوشل افیئرز

۱۷۔وزارت برق بریداورٹیلیفون

سلطان مسلح افواج کے کمانڈرانچیف بھی ہیں،اسی لئے وہ سرکاری تقریبات میں کبھی فضائیہ کی وردی میں نظرآتے ہیں توکبھی آرمی کی وردی میں،کبھی سول (عرب) لباس زیب تن کئے ہوئے خاموش طبع حکمران دکھائی دیتے ہیں توکبھی پولیس کی وردی میں چاک وچوبند دستوں کی سلامی لیتے ہوئے ،سلطان عمان نہ صرف عموما اپنی گاڑی خود چلاتے ہیں بلکہ وہ ہیلی کاپٹراورطیارہ بھی اڑاسکتے ہیں۔

سلطان عمان کی اپنی عوام کی فلاح وبہبود پرخاصی توجہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ پہلے اورآج کے عمانیوں میں واضح فرق نظرآتا ہے۔کچھ عرصہ قبل کے عمان میں جدید تعلیم کے حامل افراد کادکھائی دینامحال تھااورآج کے عمان میں جدید تعلیم سے آراستہ متعددعمانی مختلف شعبوں میں اپنے فرائض منصبی انجام دے رہے ہیں۔

سلطنت عمان ہرسال طلباء کی ایک خاصی بڑی تعدادکومختلف ممالک میں اعلی وفنی تعلیم کے لئے بھیجتی رہی ہے۔عمان میں سلطان قابوس یونیورسٹی قائم ہوچکی ہے جس میں مندرجہ ذیل شعبے ابتدائی مرحلے کے طور پرشروع کئے گئے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱۔کلیۃ زراعت | Faculty of Agriculture |
| ۲۔کلیۃ تعلیم وتربیت | Faculty of education |
| ۳۔کلیۃ علوم اسلامیۃ | Faculty of islamic sciences |
| ۴۔کلیۃ الھندیۃ | Faculty of engineering |
| ۵۔کلیۃ طب وعلوم | Faculty of science and medical |

عمان کی اس پہلی یونیورسٹی نے ستمبر۱۹۸۶ سے کام شروع کردیا ہے اورابتدائی مرحلہ میں تین ہزار۳۰۰۰طلباء وطالبات کوداخلے دیئے گئے ہیں یہ یونیورسٹی مسقط سٹی سے پچاس کلومیٹردور''الخوض،،نامی علاقے میں تعمیر کی گئی ہے۔یونیورسٹی کاکل رقبہ گیارہ کلومیٹرمربع ہے۔

یونیورسٹی کے طلبہ سرپرٹوپی(قحفہ) یاعمانی رومال باندھتے ہیں جسے یہاں مصرّاۃ کہاجاتا

☆اقرا التاریخ وتفکر فی عجائبہ وتدبر غرائبہ واستمتع بقصصہ واخبارہ۔☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔نوجوان اکثر چھوٹی داڑھی رکھتے اور شکل سے شریف زادے نظر آتے ہیں۔لڑکیاں یونیورسٹی میں بھی پردے کا اہتمام کرتی ہیں اور کلاس رومز میں لڑکوں کے پیچھے بیٹھتی ہیں۔

عمان میں تین روزنامے شائع ہوتے ہیں جن میں سے دوعربی کے اور ایک انگلش کا ہے۔مقامی زبان عربی ہے جبکہ انگلش دوسرے درجے کی زبان ہے۔اردوعمان کے اکثر وبیشتر علاقوں میں بآسانی سمجھی اور بولی جانے والی زبان ہے۔

**عمان کی کرنسی ریال عمانی ہے۔۱/۲ نصف،ایک،پانچ،دس،بیس اور پچاس ریال کے نوٹ گردش میں ہیں،ایک ریال عمانی کی موجودہ قیمت (۱۹۸۵ء میں) ۴۳.۵۰ روپے تقریباً کے برابر ہے۔جبکہ آج 2015 میں عمانی ریال ۱۳۵ روپے کا ہے۔**

عمان کا موسم گرم خشک ہے جون جولائی اور اگست میں شدت کی گرمی پڑتی ہے۔عمان کے داخلی علاقوں میں موسم بدلتا رہتا ہے۔صلالہ کا موسم مسقط اور اس کے گردونواح سے قدرے مختلف ہے اور وہاں دسمبر میں سردی محسوس کی جاتی ہے۔............

ہم نے اپنے تیئں طے کیا ہے کہ جب تک مسقط میں ہیں سیر کرتے رہیں گے اور اس ملک کو اسی طرح گھوم پھر دیکھنے کی کوشش کریں گے جس طرح ہم نے اپنے قیام مکہ مکرمہ کے دوران سعودی عرب کو دیکھنے کا کیا ہے............(جاری ہے)

پاکستان میں طلبہ کے کردار پر بہترین کتاب

انجمن طلبہ اسلام

نظریات......جدوجہد......اثرات

۱۹۶۸............۲۰۱۳ء

صفحات ۷۶۰ قیمت صرف ۸۰۰ روپے

ترتیب وتدوین وتحقیق: معین الدین نوری

ناشر: ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور کراچی

0300-3589836 moinnoori@gmail.com

☆ جدد حیاتک ونوع اسالیب معیشتک وغیر من الروتین الذی تعیشہ ☆

© rasailojaraid.com